Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۲۱) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۷ مئی ۱۹۳۲ء جلد ۴۳

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۷ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

صاحبزادہ عبد الصمد خاں بہادر چیف منسٹر بغرض شرکت کانفرنس ولایت جا رہے ہیں لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

۱- صاحبزادہ عبد الصمد خاں بہادر کی تنخواہ بجٹ دفتر چیف منسٹر سے بصیغہ انعام عنایات منتقل کیجائے۔

۲- مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر تا واپسی صاحبزادہ عبد الصمد خاں بہادر چیف منسٹر مقرر ہوں اونکی تنخواہ بجٹ ہاؤس ہولڈ سے بجٹ دفتر چیف منسٹر میں منتقل ہو۔

۳- کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں بہادر ملٹری سکریٹری تا صدور حکم ثانی عہدہ ہاؤس ہولڈ منسٹر کی خدمات انجام دیں۔

۴- میجر عبد الکریم خاں۔ اے ڈی سی تا صدور حکم ثانی عہدہ ملٹری سکریٹری کی خدمات انجام دیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بہ اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل روبکار ہذا کی ذریعہ گزٹ غیر معمولی جاری کر کے سے پہر تک شائع کیجائے۔

حسب الحکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور بذریعہ گزٹ غیر معمولی ۷ مئی ۱۹۳۲ء

دستخط چیف منسٹر بہادر